# 20-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔آندھراپردیش کے وشاکھاپٹنم میں 11ویں عالمی یوم یوگا کی بڑے پیمانے پر تیاریاں جاری ہیں۔وزیراعظم نریندرمودی اس ایونٹ میں حصہ لیں گے۔

۲۔ایل بی اسٹیڈیم حیدرآباد میں آج صبح انٹرنیشنل یوگا ڈے کی 24 گھنٹوں کی الٹی گنتی شروع ہوئی۔

۳۔اسمبلی اسپیکرگڈم پرساد نے عوام کویقین دلایا کہ تمام سرکاری وفلاحی اسکیمات ان کے دہلیزتک پہنچائی جائیگی۔

اور

۴۔ مرکزی وزیروتلنگانہ بی جے پی کے صدرکشن ریڈی نے کانگریس حکومت پرالزام لگایا کہ وہ مختلف موضوعات کواٹھاتے ہوئےعوام کادھیان بھٹکانے اوربی جے پی کودبانے کی کوشش کررہی ہے۔

KISHAN:

مرکزی وزیروتلنگانہ بی جے پی کے صدرکشن ریڈی نے کانگریس حکومت پرالزام لگایا کہ وہ مختلف موضوعات کو اٹھاتے ہوئےعوام کادھیان بھٹکانے اوربی جے پی کودبانے کی کوشش کررہی ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اوربی آرایس ساتھ مل کرکام کررہے ہیں اورتلنگانہ میں بی جے پی کی ترقی کوروک رہے ہیں۔کشن ریڈی، نے آج ناملی میں واقع بی جے پی کے ریاستی دفتر میں مجوزہ مجالس مقامی انتخابات سے متعلق ایک ورکشاپ سے خطاب کیا۔پارٹی کے سینئرلیڈران بشمول قومی جنرل سکریٹری سنیل بنسل، پارٹی تلنگانہ انچارج ابھے پاٹل، ارکان پارلیمان ایٹالہ راجندر، ڈی کے ارونا، جی ناگیش اورارکان اسمبلی اورضلع سطح کےلیڈران نے اس ورکشاپ میں شرکت کی۔ فون ٹیپنگ کیس میں ہوئے حالیہ انکشافات کاحوالہ دیتے ہوئےکشن ریڈی نے کہاکہ بی آرایس دوراقتدارمیں بی جے پی اسٹاف، لیڈران اورسوشل میڈیاٹیم کےفون ٹیپ کیۓ گئے جوکہ خطرناک عمل ہے۔انہوں نے کہاکہ اس معاملے کی سنجیدگی سے جانچ کرانے کے بجائے کانگریس اوربی آرایس دونوں اس پرسیاست کررہے ہیں۔

YOGA:

ایل بی اسٹیڈیم حیدرآباد میں آج صبح انٹرنیشنل یوگا ڈے کی 24 گھنٹوں کی الٹی گنتی شروع ہوئی۔ مرکزی وزیر کوئلہ و بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی کی قیادت میں منعقدہ اس ایونٹ میں سماج کے مختلف طبقات خاص کر سیاسی لیڈران، فلمی دنیا سے جڑی شخصیات، نوجوانوں اور عام لوگوں نے حصہ لیا۔ سابق نائب صدر جمہوریہ ایم وینکیا نائیڈو، تلنگانہ گورنر جشنو دیو ورما، مرکزی وزیر مملکت سرینواس ورما، رکن پارلیمنٹ ایٹالہ راجندر، بی جے پی لیڈر خوشبو، فلم اداکار سائی دھرم تیجا، تیجا سجّا، میناکشی چودھری بھی ان سرکردہ شخصیات میں شامل تھیں جنھوں نے یوگا کے آسن کیئے اور ایونٹ سے خطاب کیا۔ عالمی یوگا دن کے پیش نظر منعقدہ اس ایونٹ میں مختلف یوگا کی تنظیمیں، تعلیمی ادارے، سماجی انجمنیں اور دیگر افراد نے حصہ لیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ہندوستان نے دنیا کو یوگا کا خزانہ تحفہ میں دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 200 سے زیادہ ممالک نے اسے اپنایا اور یہ ہر ہندوستانی کیلئے فخر کا مقام ہے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ روزمرہ زندگی میں یوگا کو ضرور شامل کرنا چاہئے۔ سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے کہا کہ یوگا سے ذہنی وجسمانی صحت میں سدھار آتا ہے اور تناؤ میں کمی آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوگا مذہب اور ذات سے ہٹ کر ہے۔

Sound Byte

Weather

تلنگانہ میں آئندہ چار دنوں کے دوران مختلف مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنے روزانہ کی رپورٹ میں جانکاری دی کہ ریاست کے مختلف مقامات پر آئندہ سات دنوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک ہوسکتی ہے۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقام پر بارش ہوئی ہے۔

Srinivas Goud

سابق وزیروی سرینواس گوڑنے کانگریس حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے اس پر خشک سالی سے متاثرہ محبوب نگر اور نلگنڈہ اضلاع میں سیلابی پانی سے استفادہ کرنے میں ناکامی کا الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ حکومت پانی کے انتظام میں مجرمانہ غفلت سے کام لے رہی ہے۔تلنگانہ بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سرینواس گوڑنے کہا کہ حالانکہ الماٹی اور تنگبھدرا ڈیم سے جورالا پراجکٹ تک پانی پہنچ رہا ہے لیکن اس کے باوجود حکومت پانی کے رخ کو موڑنے یا اس کے ذخیرے کے لئے کوئی اقدامات نہیں کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نیٹم پاڈو اور بھیما پراجکٹ شدید متاثر ہوئے ہیں جبکہ پانی نالے میں بہہ رہا ہے۔سرینواس گوڑنے سنگم باند اور بھوتپور ذخیرے آب کی مرمت کرنے کا مطالبہ کیا۔

Cricket Test

ہندوستان اور انگلینڈ کے بیچ ٹنڈولکر۔اینڈرسن ٹرافی کے تحت پانچ میاچوں کی ٹسٹ سیریز کا آج سے آغاز ہوگیا ہے۔لیڈس ، ہیڈنگلی میں کھیلے جارہے پہلے ٹسٹ میاچ میں انگلینڈ نے ٹاس جیت پر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا ہے۔ہندوستان کے سلامی بلے باز یشسوی جیسوال اور کے ایل راہول نے ٹیم کو اچھی شروعات دلائی اور کھیل کے شروع میں ہی کئی چوکے لگائے۔شبھمن گیل کی قیادت میں یہ میاچ کھیلا جارہا ہے۔بحثیت کپتان شبھمن گیل کا یہ پہلا ٹسٹ میاچ ہے۔کھیل کے آغاز سے پہلے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے احمد آباد طیارہ حادثہ کے متاثرین کی یاد میں کچھ دیر کیلئے خاموشی اختیار کی۔

حالانکہ ٹیم انڈیا نے اچھی شروعات کی اور کے ایل راہول اور جیسوال نے پہلے وکٹ کیلئے 91 رن کی اننگز کھیلی۔کے ایل راہول 42 رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔سائی سدرشن اپنا کھاتہ کھولے بغیر ہی پویلین لوٹ گئے۔لنچ تک ہندوستان نے دو وکٹ کے نقصان پر 92 رن بنالئے ہیں۔یشسوی جیسوال 42 رن بنا کر کریس پر موجود ہے۔

Custody

ریاستی محکمہ آبپاشی کے انجینئر این سریدھر جو کہ ایک بدعنوانی کے کیس میں حیدرآباد کی چنچل گوڑہ جیل میں بند ہے کو تلنگانہ اینٹی کرپشن بیورو نے مزید پوچھ تاچھ کیلئے پانچ دنوں تک انہیں اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ اے سی بی عہدیداروں نے سریدھر کے خلاف مالی بے ضابطگیوں کے الزامات کی مزید جانچ کیلئے ان کی تحویل حاصل کی۔

IYD - PM

آندھراپردیش کے وشاکھاپٹنم میں 11ویں عالمی یوم یوگا کی بڑے پیمانے پر تیاریاں جاری ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی اس ایونٹ میں حصہ لیں گے۔ ساحلی شہر میں ابتک کی سب سے بڑی کھلے آسمان تلے یوگا کی تقریب منعقد ہوگی اور یہ قومی اہمیت کی حامل ہوگی۔ شہر کے ساحلی علاقہ میں اِس تقریب کی تیاریاں جاری ہیں۔ اِس ایونٹ کے ذریعہ یوگا کے توسط سے اتحاد اور بہتر صحت کے طئے ہندوستان کے عہد کو اجاگر کیا جائے گا۔ ریاستی وزیر اعلیٰ نارا چندرابابو نائیڈو نے کہا کہ ریاست دو گینز ورلڈ ریکارڈ اور 22 ورلڈ ریکارڈ بنانے جارہی ہے۔ آج شام 25 ہزار قبائلی طلبہ 108 منٹ تک 108 سوریہ نمسکار کا مظاہرہ کرتے ہوئے عالمی ریکارڈ بنائیں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی آج شام وشاکھاپٹنم پہنچیں گے۔

TGSPDCL

ٹی جی ایس پی ڈی سی ایل کے چیرمین مینجنگ ڈائرکٹر مشرف فاروقی نے الکٹرسٹی عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ بجلی کی دیکھ ریکھ سے متعلق کم ازکم ایک دن پہلے صارفین کو اطلاع ضرور دیں انہوں نے کہا کہ برقی سے متعلق دیکھ ریکھ اور مرمتی کاموں کی وجہ سے پاور سپلائی لینڈ میں خلل کے بارے میں صارفین کو مطلع کیا جانا چاہئے۔ مشرف فاروقی نے کہا کہ اس حوالہ سے صارفین تک مناسب جانکاری نہ پہنچنے سے انہیں دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ چیف انجینئرس اور سپرنٹنڈنگ انجینئرس کے ہمراہ ایک ٹیلی کانفرنس کے دوران انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صارفین تک دیکھ ریکھ سے متعلق جانکاری وقت پر پہنچ جانی چاہئے۔

TPCC

کانگریس رکن پارلیمنٹ سی کرن نے ٹی آر ایس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی لیڈران پانی جیسے اہم موضوع پر سیاست کررہے ہیں اورانہوں نے اپنے دورہ اقتدار میں تلنگانہ کے ساتھ سراسر ناانصافی کی ہے۔گاندھی بھون نامپلی میں پارٹی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کرن نے الزام لگایا کہ سابق ریاستی وزیر ہریش راؤ اس بات کی کوشش کررہے ہیں کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی لوگوں کی نظر میں ویلن بن جائیں۔کانگریس ایم پی نے کہا کہ تلنگانہ کواب بی آر ایس دوراقتدار میں پانی کے انتظام وانصرام میں ہوئی ناکامی کا پوراعلم ہوگیا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ چندرشیکھرراؤ نے اپنے دوراقتدار میں جگن موہن ریڈی سے چارمرتبہ ملاقات کی تھی اورتلنگانہ کے پانی کے حصہ سے دستبرداری اختیار کرلی تھی۔

Speaker

اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد نے عوام کو یقین دلایا کہ تمام سرکاری وفلاحی اسکیمات ان کی دہلیز تک پہنچائی جائیں گی۔وقارآباد ضلع میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کا ویژن ہے کہ ہر غریب شخص کواپنا گھر ہونے کے خواب کو پورا کیا جائے۔اسمبلی اسپیکر نے مزید کہا کہ سرکاری اسکیمات سے ہر مستحق افراد کے استفادہ کو یقینی بنایا جائے گا۔انہوں نے اندراماں اسکیم کے استفادہ کنندگان سے کہا کہ وہ اپنے مکانات کی تعمیر شروع کریں اورچارمرحلوں میں ان تک رقم پہنچائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ضلع کو سات ہزاراندراماں مکانات فراہم کئے جائیں گے۔اس سے قبل اسپیکر نے مومن پیٹ اورمٹ پلی منڈلوں کے استفادہ کنندگان میں اندراماں مکانات کے منظورکردہ مکتوب حوالہ کئے۔انہوں نے کلیان لکشمی اورشادی مبارک کے چکس بھی تقسیم کئے۔

Sound Byte

☆☆☆